پریس ریلیز

Pic Caption:- Hafiz Hafeez -Ur- Rehman, The Chief Minister of Gilgit-Baltistan at the inauguration of ZTBL Bank's ATM at Gilgit.

گلگت :31مارچ 2019:۔ کسی بھی ملک کے لئے زراعت کی اہمیت سے انکار نہیں کیا سکتا ہے اور ملکی معیشت میں زراعت کا جو مقام ہے اس سے ہم سب باخبر ہیں ۔ اس کے علاوہ ملکی برآمدات میں بھی زرعی شعبہ کا ایک بڑا اہم مقام ہے ۔گلگت میں بینک کی ATM کی تنصیب کسانوں کے لئے سہولت کے ساتھ ساتھ بہت بڑی نعمت بھی ہے۔ اس ATM کے آغاز اور بینک کے بزنس ماڈل کی تبدیلی کا سہرا بینک کے تمام قائم مقام صدر شیخ امان اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت اور کاوشوں کا نتیجہ ہے ۔ یہ بات حافظ حفیظ الرحمن وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان نے زرعی ترقیاتی بینک کی گلگت میں پہلی ATM کا افتتاح کرتے ہوئے کہی ۔

انہوں نے مزید کہا کہ زرعی بینک قومی مالیاتی شمولیت کی حکمت عملی کے تحت کمپیوٹرائز طریقہ سے رقوم کی ادائیگی، ڈیپازٹ اکٹھا کرنا، اسلامی بینکاری کے فروغ اور ویئر ہاؤس رسید فنانسنگ کے لئے کولیٹرل مینجمنٹ کمپنیوں کے دائرہ کار کو بڑھانے اور قانونی اصلاحات نافذ کروانے جیسے اقدامات میں اپنی شمولیت یقینی بنا رہا ہے ۔ اور مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی کہ زرعی ترقیاتی بینک انتہائی موثر انداز سے بروقت ATM اور Debit Card کے اجراء اور اسلامی بینکاری جیسے اقدامات اٹھا رہا ہے ۔ اور یہ اقدامات ملکی آبادی کے ایک بڑے حصے کے لئے مفید و معاون ثابت ہونگے کیونکہ ہماری بہت بڑی آبادی دیہات پر مشتمل ہے اور یقیناً یہ اقدامات اس بڑی آبادی کے لئے سود مند ثابت ہونگے کیونکہ وہ بینک کے نئے اقدامات میں شامل ہو کر اپنی زراعت سے متعلق ضروریات پوری کر سکیں گے اور امید کرتا ہوں کہ ATM کا آغاز زرعی سرمایہ کاری کی بنیادی اہمیت کو موثر انداز میں جلا بخشے گا اور چھوٹے کاشتکاروں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا اور خاص طور پر پسماندہ علاقوں میں تو ATM کی اہمیت اور بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے ۔ بینک اپنی (AAA/A-1+) کی ریٹنگ کو پچھلے پانچ سالوں سے برقرار رکھے ہوئے ہے جو کہ بینک کی کارکردگی اور مالی پوزیشن مستحکم ہونے کا ثبوت ہے ۔ اور یہ اقدامات اس چیز کو بھی عیاں کرتے ہیں کہ بینک چھوٹے کاشتکاروں کو ان کی دہلیز تک سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے کس قدر سرگرم عمل ہے ۔

اس سے قبل بینک کے صدر **شیخ امان اللہ** نے اپنے خطاب میں بتایا کہ ہم چھوٹے کسانوں کو زراعت سے متعلق بنیادی سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے آج گلگت میں پہلی ATM نصب کر رہے ہیں جس کے ذریعے چھوٹے کسان اپنی زرعی ضروریات بروقت حاصل کر کے اپنے لئے اور ملکی معیشت کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں گے ۔ بینک کے صدر نے مزید کہا کہ بینک سالانہ تقریباً چار لاکھ کسانوں اور ان سے منسلک لوگوں کو زرعی شعبے میں قرضہ جات کی فراہمی بینکاری کی خدمات اور زرعی تکنیکی سہولیات بہم پہنچا رہا ہے ۔ میں نے اور میری ٹیم نے بینک کی ترقی اور وصولیوں کے نظام کو موثر بنانے کے لئے دن رات خلوص نیت کے ساتھ کام کیا ہے تا کہ بینک مضبوط اور مستحکم مالی پوزیشن حاصل کر سکے اور الحمد اللہ آج ہم اس میں کامیابی کی منازل طے کر رہے ہیں اس سلسلہ میں ذاتی طور پر میں نے نہ تو چھٹی کے دن آرام کیا اور کوئی لمحہ ضائع کئے بغیر بینک کی استعداد کار بڑھانے اور کسانوں کو سہولتیں ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے تمام کوششیں بروئے کار لائے ہیں اور وزیر اعظم پاکستان کے نیا پاکستان اور تبدیلی کے ویژن کے مطابق زرعی ترقیاتی بینک کا بزنس مینجمنٹ کا طریقہ کار اور بزنس ماڈل بھی 57 سال کے بعد ان اقدامات کی بدولت تبدیل ہو گیا ہے ۔

مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں موجودہ بینک انتظامیہ کی تعریف کی اور ان کی انتھک محنت اور پسماندہ علاقوں کے چھوٹے کسانوں کو سہولتیں بہم پہنچانے جیسے اقدامات کو سراہا۔